21787 ۔ رمضان کی قضاء کی موجودگی میں عاشورا کا روزہ رکھنا

سوال

مجھ پر رمضان کی قضاء ہے اور میں عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہتا ہوں، تو کیا میرے لیے قضاء سے قبل عاشوراء کا روزہ رکھنا جائز ہے؟
اور کیا میں عاشوراء دس اور گیارہ محرم کا روزہ رمضان کی قضاء کی نیت سے رکھ سکتا ہوں، اور کیا مجھے عاشوراء کے روزے کا اجروثواب حاصل ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

جس شخص پر رمضان المبارك كے ايك يا ايك سے زيادہ دنوں كى قضاء ہو وہ نفلى روزہ نہ ركھے، بلكہ وہ اپنى قضاء سے ابتدا كرے اور پھر نفلى روزے ركھے.

دوم:

جب وہ دس اور گيارہ محرم الحرام كا روزہ رمضان المبارك كے چھوڑے ہوئے روزوں كى قضاء كى نيت سے رزہ ركھے تو يہ جائز ہے، اور يہ اس كے ذمہ دو يوم كى قضاء ہو گى، كيونكہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" اعمال كا دارومدار نيتوں پر ہے، اور ہر شخص كے ليے وہى كچھ ہے جو اس نے نيت كى "

ديكھيں: فتاوى اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلميہ والافتاء (11 / 401)

اور اميد ہے ركھى جاسكتى ہے كہ آپ كو اس دن كے روزے اور قضاء كا اجروثواب حاصل ہو گا.

ديكھيں: فتاوى منار الاسلام، للشيخ محمد ابن عثيمين رحمہ اللہ (2 / 358)

واللہ اعلم .